© rasailojaraid.com

پاس سودی نظام کے مقابلے میں منافع میں شرکت کا قاعدہ (PROFIT SHARING SYSTEM) ہے۔ یعنی بجائے اس کے کہ سرمایہ دار قرض دے کر ایک مقررہ رقم وصول کرے، اس کو لازماً کاروبار میں روپیہ لگانا چاہیے اور جو منافع ہو اس کا متناسب حصہ لینا چاہیے۔ اگر بڑے پیمانے پر بہت سے کاموں میں روپیہ لگایا جائے گا تو سارے کاموں میں نقصان ہی نہ ہوگا، بلکہ کسی میں نقصان اور کسی میں منافع ہوگا، اور مجموعی طور پر نفع نقصان سے زیادہ ہوگا۔ لیکن اس صورت میں یہ بے انصافی نہ ہوگی کہ روپیہ والے کے لیے لازماً مقرر منافع کی ضمانت ہو، اور سارا خطرہ (RISK) صرف کام کرنے والوں کے حصہ میں آئے۔ ہمارے نزدیک دنیا کی تباہی کے اسباب میں سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ سودی نظام پورے مالیات پر قابض ہو گیا ہے۔

## سوال نمبر ۲۔ اسلامی نظام کے قیام کا طریقہ

"قرآن میں فرمایا گیا ہے کہ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ۔ اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور اُن اولوالامر کی اطاعت کرو جو تم میں سے ہوں۔ یہ حکم ایک ایسی منظم جماعت چاہتا ہے جو کسی خاص فرقے یا قوم تک محدود نہ ہو اور اسلام کی حدود میں رہ کر کام کرے۔ آپ کا اس معاملہ میں کیا مشورہ ہے کہ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے کیا طریقے اختیار کیے جائیں، خصوصاً کینیڈا کے تنظیمی ڈھانچے کے اندر؟"

**جواب:**- یہ ایسا سوال ہے جس کا پورا جواب تو ایک کتاب ہی میں دیا جا سکتا ہے۔ تاہم میں ایک مختصر سا جواب عرض کیے دیتا ہوں۔ آدمی خواہ کینیڈا میں ہو، امریکہ میں ہو، چین میں ہو، یا کہیں بھی ہو، مسلمان ہونے کی حیثیت سے اس کا اصل کام لوگوں کو اللہ اور اس کے رسول اور اس کی کتاب اور آخرت پر ایمان لانے کی دعوت دینا ہے۔ حالات اور مقامات کی مخصوص نوعیتوں کے لحاظ سے آپ اس دعوت کے لیے مناسب صورتیں اختیار کر سکتے ہیں، لیکن سب سے مقدم کام ایمان کی دعوت ہی ہے جس کے بغیر اسلامی تعلیمات کی دوسری تفصیلات کو پیش کرنا لاحاصل ہے۔ اس غرض کے لیے ضروری ہے کہ معقول دلائل کے ساتھ لوگوں کو اچھی طرح اس بات پر مطمئن کر دیا جائے کہ وہ اس دنیا میں خود مختار پیدا نہیں ہوئے ہیں، بلکہ اس دنیا کا ایک خدا ہے جس کے وہ بندے ہیں، جس نے ان کو پیدا کیا ہے اور جس کی اطاعت ان کو کرنی چاہیے۔ پھر ان کو اس بات کا قائل کیا جائے کہ خدا کی اطاعت کرنے کا ذریعہ اس کے بھیجے ہوئے رسول کے طریقے کی پیروی کرنا ہے اور اس کتاب کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پیروی کرنا ہے جو انسانوں کی ہدایت کے لیے خدا کی طرف سے بھیجی گئی ہے۔ پھر ان کو یہ سمجھانا ہے کہ انسان اس دنیا میں غیر ذمہ دار نہیں ہے، مر کر مٹی ہو جانے والا نہیں ہے، بلکہ اس کو دوبارہ ایک زندگی عطا ہونی ہے جس میں وہ خدا کے سامنے اپنے تمام اعمال کی جواب دہی کرے گا اور اپنا حساب دے گا۔ یہ چیزیں آپ کو لوگوں کے ذہن نشین کرنی پڑیں گی خواہ آپ کہیں بھی ہوں۔ آپ جس معاشرے میں بھی ہوں اس کے انفرادی اور اجتماعی حالات کا جائزہ لے کر آپ کو بتانا ہوگا کہ لوگوں کی انفرادی زندگیوں اور اجتماعی نظام میں جو خرابیاں پائی جاتی ہیں ان کی بنیادی وجہ یا تو خدا کے متعلق ان کا غلط عقیدہ ہے، یا رسالت، یا کتاب، یا آخرت کے بارے میں وہ کوئی غلط عقیدہ اختیار کیے ہوئے ہیں۔ یہ چار بنیادی چیزیں ہیں۔ ان کے بارے میں اگر کوئی شخص یا قوم کوئی غلط عقیدہ اختیار کر لے تو اس کی ساری زندگی غلط ہو جاتی ہے۔ یہاں آپ جس معاشرے میں رہتے ہیں اس کے اندر آپ خود دیکھ رہے ہیں اور لوگوں کو دکھا سکتے ہیں کہ ہر طرف کیسی کیسی خرابیاں موجود ہیں۔ ترقی کے ساتھ ساتھ تنزل کے کون کون سے اسباب کس کس شکل میں یہاں خرابیاں پیدا کر رہے ہیں۔ یہ خرابیاں کس طرح سوسائٹی کا ستیاناس کر رہی ہیں۔ جرائم بڑھا رہی ہیں۔ خاندانی نظام کو تباہ کر رہی ہیں۔ نئی نسلوں کو بگاڑ رہی ہیں۔ اخلاقی قدروں کا خاتمہ کر رہی ہیں۔ اور بدکرداری کا وہ طوفان برپا کر رہی ہیں جو اس سے پہلے بہت سی تہذیبوں کو غارت کر چکا ہے۔ یہ ساری چیزیں اب اس قدر عیاں ہو چکی ہیں کہ ان کی نشاندہی کرنے میں آپ کو کوئی مشکل پیش نہیں آ سکتی۔ انھیں پیش کر کے آپ اپنے گرد و پیش کے لوگوں کو سمجھا سکتے ہیں کہ ان کی اصل وجہ سے خدا سے اور اس کی بھیجی ہوئی ہدایت سے اور آخرت کی جواب دہی کے احساس سے غافل ہو جانا ہے۔ اس حقیقت کو جب آپ معقول دلائل و شواہد کے ساتھ پیش کریں گے تو لازماً کچھ لوگ آپ کو ایسے مل جائیں گے جو ان کی صداقت تسلیم کر لیں گے۔ مکے میں بھی اسی طرح ہوا تھا کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایمان کی طرف دعوت دی تو پہلے چند آدمیوں ہی نے اس کو مانا تھا۔ ایسے آدمی جب آپ کو مل جائیں تو انھیں ایک منظم جماعت بنایئے اور ان کے ذریعے سے دعوت کو مزید پھیلایئے۔ جتنے لوگ اس دعوت کو قبول کرتے جائیں گے وہ اس جماعت میں شامل ہوتے چلے جائیں گے۔ یہاں تک کہ ایک وقت ایسا آئے گا جب اس سوسائٹی کو عملاً تبدیل کر دینا ممکن ہوگا۔ اس کے لیے صبر چاہیے، مسلسل محنت چاہیے۔ عقلمندی کے ساتھ کام کرنا چاہیے۔ اور اس بات کی فکر نہ کرنی چاہیے کہ ہم کو اس میں کامیابی ایک صدی میں ہوگی یا دو صدیوں میں ہوگی۔

© rasailojaraid.com